راستے سے تکلیف دہ

چیز ہٹانا صدقہ ہے۔

(بخاری)

صدقہ دینے سے

مال کم نہیں ہوتا۔

(صحیح مسلم)

شراب خباثتوں کی جڑ ہے جس نے شراب پی،
چالیس روز اس کی نماز قبول نہیں ہوگی، وہ آدمی
جہالت کی موت مرے گا، جس کے پیٹ میں
مرتے وقت شراب ہوگی۔ (معظم اوسط طبرانی)

نامحرم کو چُھونا

حدیث پاک صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

تم میں سے کسی کا سر لوہے کی کیل سے
پھاڑ دیا جانا یہ اس کے لیے کسی غیر محرم
عورت کو چھونے سے بہتر ہے (المعجم الکبیر)

اللہ پاک ہر معاملے میں نرمی
کرنے کو پسند فرماتا ہے۔

(صحیح بخاری)

جس نے نماز کے بعد یہ پڑھا:

اَسْتَغْفِرُ اللّٰہَ وَاَتُوْبُ اِلَیْہِ

اس کی مغفرت کردی جائیگی

اگرچہ وہ جہاد سے فرار ہوا ہو۔

(المعجم الاوسط)

یہودیوں اور عیسائیوں کی
مشابہت اختیار نہ کرو۔
(ترمذی:۲۶۹۶)

”زکوٰۃ نہ دینے والوں پر
رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے لعنت
فرمائی ہے۔“ (صحیح ابن خزیمہ)

ایک آدمی نے

اَلْحَمْدُ لِلّٰہِ کَثِیْرًا

(تمام تعریف اللہ کے لئے ہے، بہت زیادہ تعریف) کہا'
اس کلمے کو لکھنا فرشتے پر گراں گزرا' اس نے اللہ پاک سے
مراجعہ کیا' اسے کہا گیا کہ جس طرح میرے بندے نے لفظ
''کَثِیْرًا'' (بہت زیادہ) کہا ہے تو اسی طرح لکھ لے۔
(طبرانی فی الاوسط: ۲۰۸۲ - صحیح)

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے ارشاد فرمایا:

جو آدمی تھوڑی سی روزی پر راضی
ہو جاتا ہے تو اللہ تعالیٰ اُس کے تھوڑے
سے عمل پر راضی ہو جاتا ہے۔

(بخاری شریف)

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا:

میت پر رونے کے سبب

میت کو قبر میں عذاب دیا جاتا ہے۔

(بخاری فی الجنائز: ۳۴۔ مسلم فی الجنائز: ۱۷۔ ابن ماجۃ فی الجنائز: ۵۴)

سُبْحَانَ اللّٰہِ وَبِحَمْدِہٖ

سو مرتبہ کہنا سو اونٹ قربان کرنے کے

برابر ہے۔ (طبرانی: حافظ ہیثمی نے اسے حسن کہا ہے۔)

سب سے افضل مسلمان کون ہے؟

جس کی زبان اور ہاتھ سے دوسرے

مسلمان محفوظ رہیں۔ (صحیح بخاری)

لَا حَوْلَ وَلَا قُوَّةَ اِلَّا بِاللّٰہِ

یہ جنت کے خزانوں میں سے ایک خزانہ ہے۔ (صحیح مسلم)

یہ جنت کا ایک دروازہ ہے۔ (صحیح ترمذی)

یہ جنت میں درخت لگانے کا بیج ہے۔ (صحیح ترمذی)

مظلوم کی بد عا سے بچو' یہ تو
چنگاریوں کی طرح آسمان
کی طرف اٹھتی ہے۔ (حاکم)

اپنی زبان کو
قابو میں رکھو۔
(ترمذی)

عذابِ قبر سے اللہ
کی پناہ طلب کرو۔

(ابن حبان)

میں عورتوں سے
مصافحہ نہیں کرتا۔

(نسائی:۴۱۹۵)

لَآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ

کی گواہی دینا جنت کی کنجی ہے۔

(احمد)

عورت پردے کی چیز ہے
جب وہ اپنے گھر سے نکلتی
ہے تو اسے شیطان جھانکتا
ہے۔ (مجمع الزوائد)

جنت میں گھر

جس نے اللہ کی رضا کے لئے مسجد
بنائی اللہ پاک اس کے لئے جنت
میں گھر تیار کرتا ہے۔ (مسلم)

سجدہ اور جنت میں درجہ

جب بھی مسلمان سجدہ کرتا ہے تو اللہ پاک
جنت میں اس کا ایک درجہ بلند کر دیتا ہے
اور ایک گناہ مٹا دیتا ہے۔

(صحیح احمد: ۴۲۸/۳)

چھپا کر کیا ہوا صدقہ
اللہ کے غضب کو ختم
کر دیتا ہے۔ (جامع صغیر)

ہر نماز کے بعد آیت الکرسی
پڑھنے والا جنت میں داخل
ہوگا۔ (نسائی)

جو ایک بار سورۂ یٰسین

پڑھے گا وہ دس قرآن

پڑھنے کا ثواب پائے گا۔

(ترمذی ج ۲ ص ۱۱۶)

جس نے میری سنت سے محبت
کی اس نے مجھ سے محبت کی اور
جس نے مجھ سے محبت کی وہ جنت
میں میرے ساتھ ہوگا۔ (ترمذی)

جس نے میری سنت سے محبت
کی اس نے مجھ سے محبت کی اور
جس نے مجھ سے محبت کی وہ جنت
میں میرے ساتھ ہوگا۔ (ترمذی)

سُبْحَانَ اللّٰہِ

وَالْحَمْدُ لِلّٰہِ

سے زمین اور آسمان کا خلا بھر جائے گا۔

(صحیح مسلم)

نعمت ملنے پر

اَلْحَمْدُ لِلّٰہِ

کہنا، ملنے والی نعمت سے افضل ہے۔

(ابن ماجہ: ۳۸۰۵)

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

اَللّٰہُ اَکْبَرُ

سو مرتبہ کہنا، مکہ معظّمہ میں

(اللہ پاک کی راہ میں)

ذبح کیے گئے سو اونٹوں کے

برابر ہے۔ (صحیح: احمد، ابن ماجہ)

جو تم سے اللہ کے نام

پر مانگے تو اسے دو۔

(صحیح ابوداؤد)

ہر پتھر اور درخت
کے پاس اللہ کا ذکر
کرو۔ (احمد فی الزہد: صحیح)

”جس نے میرے بعد میری کسی چھوڑ
دی گئی سنت کو زندہ کیا، اس کو اس پر عمل
کرنے والے تمام لوگوں کے برابر ثواب
ملے گا۔“ (ابن ماجہ)

میری ایک بات بھی کسی کو معلوم
ہو تو وہ آگے پہنچا دے۔

(بخاری، الانبیاء: ۳۴۶۱)

اپنے بچوں کو سات سال کی عمر
میں نماز پڑھنے کا حکم دو اور جب
دس سال کے ہو جائیں تو نماز نہ
پڑھنے پر انھیں مارو۔ (احمد)

سوتے وقت سورۂ کافرون
پڑھا کرو یہ تمہیں شرک سے
بچائے گی۔ (ابوداؤد)

جس کھانے پر اللہ کا نام نہیں وہ شیطان کے لئے ہے

ابلیس نے کہا (اے اللہ!) تو نے اپنی ہر مخلوق کا رزق بیان کر دیا، میرا رزق کس میں ہے؟ اللہ نے فرمایا! جس (رزق) پر میرا نام نہیں لیا گیا۔

(ابو نعیم فی الحلیۃ: 8/126)

سُبْحَانَ اللّٰہِ، لَا اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ،

اَلْحَمْدُ للّٰہِ اور اَللّٰہُ اَکْبَرُ

کہنا احد پہاڑ سے زیادہ عظمت

والا ہے۔ (طبرانی اوسط)

ہر بیماری کی دعا

اَللّٰھُمَّ اِنِّیْ اَعُوْذُبِکَ مِنَ
الْبَرَصِ وَالْجُذَامِ وَالْجُنُوْنِ
وَمِنْ سَیِّءِ الْاَسْقَامِ

اے اللہ! میں برص، جنون، کوڑھ اور ہر بری بیماری
سے تیری پناہ چاہتا ہوں۔ (صحیح سنن نسائی: ۵۰۶۸)

حدیث بتانا

میں تمہیں (جو) بات بیان کرتا

ہوں جو تم میں سے موجود ہے وہ

غائب کو بتا دے۔ (ابو دیلمی: ۲۰۱ - صحیح)

شہادت کی موت

جو شخص سچے دل سے شہادت کا طالب ہو
تو اسے یہ مقام عطا کر دیا جاتا ہے، اگر چہ
اسے شہادت کی موت نصیب نہ بھی ہو سکی۔
(صحیح مسلم)

لَا حَوْلَ وَلَا قُوَّةَ اِلَّا بِاللّٰہِ

پڑھا کرو کیونکہ یہ جنت کے خزانوں میں

سے ایک خزانہ ہے۔ (صحیح مسلم)

آپ ﷺ زمین پر بیٹھ
جایا کرتے تھے اور زمین
پر بیٹھ کر ہی کھاتے تھے۔

(طبرانی فی الکبیر: ۱۲۴۹۴)

”نماز کے انتظار میں بیٹھنے والا قیام
کرنے والے کی طرح ہے اور اپنے
گھر سے نکلنے کے وقت سے لوٹنے تک
نمازیوں میں لکھا جاتا ہے۔“

(صحیح ابن حبان)

السلام علیکم کہنے پر دس نیکیاں،
السلام علیکم ورحمۃاللہ کہنے پر
بیس نیکیاں اور السلام علیکم و
رحمۃاللہ وبرکاتہ کہنے پر تیس نیکیاں
ہیں۔ (صحیح ترمذی)

سورۂ بقرہ کی فضیلت

اپنے گھروں میں سورۂ بقرہ کی تلاوت کیا کرو، کیونکہ جس گھر میں سورۂ بقرہ کی تلاوت کی جاتی ہے اس میں شیطان نہیں گھستا۔ (حاکم، دارمی)

جس نے اللہ کے لئے محبت کی اور اللہ
کے لئے بغض رکھا اور اللہ کے لئے دیا
اور اللہ کے لئے روکا' اس نے اپنا ایمان
مکمل کرلیا۔ (ابوداؤد:۴۶۸۱)

وہ شخص جہنم میں داخل
نہیں ہوگا جو اللہ کے ڈر
سے رویا ہو۔ (شعیب الایمان)

دو وقتوں کی دعا رد نہیں کی
جاتی، اذان کے وقت اور
بارش کے دوران۔ (صحیح الترغیب)